## شیپرڈ پراٹ اسپتال

## مریض کی مالیاتی معاونتی پالیسی: بلنگ معلوماتی شیٹ اور سادہ زبان کا خلاصہ

شیپرڈ پراٹ نظام صحت مریضوں کو اعلیٰ معیاری نگہداشت اور خدمات کی فراہمی کے لیے پر عزم ہے۔ یہ خلاصہ اسپتال کی عمارتوں (ٹوسن میں وین برگ بلڈنگ اور ایلیکوٹ سٹی میں سیپرڈ پیراٹ اسپتالوں کی عمارتوں) میں موجود خدمات حاصل کرنے والے داخل اور بیرونی مریضوں کو معلومات فراہم کرتا ہے۔

**مالی معاونت کے لئے اہلیت**

مالیاتی معاونتی پالیسی کے تحت (ایف اے پی)، مخصوص غیر بیمہ دار اور بیمہ دار مریض ہنگامی صورتحال اور اسپتال کی ضروری خدمات پر آنے والی لاگتوں کے لئے ضروری مالی معاونت حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ چند خدمات کو خارج کر دیا گیا ہے، جیسے کہ منتخب خدمات، تعلیمی پروگرام، صحت یابی، رکسٹن ہاؤس اور منگولیا ہاؤس نیز متعلقہ طبی امداد کی خدمات۔ شیپرڈ پراٹ کی علیحدہ کوئیکر مالی معاونتی پالیسی کے تحت کوئیکر افراد علیحدہ اور/یا اضافی معاونت کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔

مالی معاونتی پالیسی کے تحت مالی معاونت کے لئے اہل مریضوں سے ایمر جنسی یا ضروری طبی خدمات کی مد میں بیمہ دار مریضوں سے بل کی مد میں عام طور پر وصول کی جانے والی رقم سے زائد رقم وصول نہیں کی جائے گی۔ اہلیت مریض اور/یا ذمہ دار فرد کی مجموعی خاندانی آمدن اور اہل خانہ کے افراد کی تعداد کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ استعمال کی جانے والی سالانہ آمدن کی اہلیت کا معیار موجودہ وفاقی غربت کے سالانہ رہنما اصول کا 300 فیصد ہوگا۔ اثاثے اور واجبات بھی زیر غور لائے جائیں گے۔ مالی معاونت طبی اخراجات پر آنے والی لاگت کے 100 فیصد کے مساوی تک دی جا سکتی ہے۔ ایسے مریض جن کی خاندانی آمدن موجودہ غربت کے وفاقی رہنما اصولوں کا 500 فیصد تک کے مساوی ہو وہ ادائیگی کے منصوبہ کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔

<u>مالی معاونت کے لئے درخواست دینا</u>

مالی معاونت کے متلاشی مریض درخواست فارم لازماً پُر کریں اور مالی معاونتی پالیسی میں درخواست کردہ لوازماتی دستاویزات اور درخواست فارم فراہم کریں۔ مالی معاونتی پالیسی کی مفت نقل اور درخواست فارم درج ذیل میں سے کسی میں بھی دستیاب ہیں:

| | |
|---|---|
| • بذات خود: مریض کے اندراج کے کسی بھی مقام/دفتر؛ یا شیپرڈ پراٹ میں موجود کانفرنس مرکز<br>6501 این چارلس اسٹریٹ<br>بالٹی مور، MD 21204 | • تحریری شکل میں: شیپرڈ پیراٹ صحتی نظام<br>متوجہ ہوں: مالی معاونت<br>پوسٹ آفس باکس 6815<br>بالٹی موڑ، MD 6815-21285 |
| • ویب سائٹ: [www.sheppardpratt.org/patient-care-and-services/resources/financial-support/](www.sheppardpratt.org/patient-care-and-services/resources/financial-support/) | • فون: (410) 938-3370 (مقامی)<br>(800) 264-0949 (ٹول فری)<br>پیر تا جمعہ، صبح 8:00 بجے تا سہ پہر 3:00 بجے |

مریضوں کو درخواست کے طریقہ کار کے بارے میں معاونت کے لئے شیپرڈ پراٹ نمائندگان کانفرنس مرکز میں بذریعہ اپائنٹمنٹ یا بذریعہ فون (بالا فہرست کردہ) پر دستیاب ہیں۔ مالی معاونتی پالیسی، درخواست فارم اور اس خلاصے کے تراجم درخواست پر درج ذیل زبانوں میں دستیاب ہیں: ہسپانوی۔ دیگر زبانوں کے لئے ترجمہ کی معاونت درخواست پر دستیاب ہو سکتی ہے۔

**مریض کے حقوق، اپیلیں، شکایات اور میری لینڈ طبی معاونت**

مریضوں کو اسپتال غیر ہنگامی صورتحال (ایمر جنسی) اور پیشہ ورانہ خدمات، طریقہ کار اور شیپرڈ پیرٹ اسپتال کی جانب سے متوقع طور پر فراہم کی جانے والی اور بل کردہ خدمات فراہمیوں کا تحریری تخمینہ کی درخواست کرنے اور وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ مالی معاونتی پالیسی میں وضع کردہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والے مریض اپنے بل کی ادائیگی پر شیپرڈ پراٹ اسپتال سے معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو وصولی ایجنسی کی سفارش کرنے میں کوئی غلطی ہوئی ہے تو آپ کو شیپرڈ پراٹ بزنس دفتر میں بذریعہ فون (اوپر ملاحظہ کریں) پر رابطہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ میری لینڈ ہیلتھ، ایجوکیشن او ایڈووکیسی یونٹ (1-877-261-8807؛[heau@oag.state.md.us](mailto:heau@oag.state.md.us)) اپیل میں مالی معاونت کے لئے مسترد کئے جانے والے مریضوں کی معاونت کے لئے دستیاب ہے۔ میری لینڈ کے قانون کے مطابق سیپرڈ پیراٹ مالی معاونت پالیسی کی مبینہ خلاف ورزیوں سے متعلق خدمات بذریعہ درج ذیل ای میل پر صحتی خدمات پر آنے والی لاگت کے جائزہ کمیشن کے ساتھ جمع کرائی جا سکتی ہیں([hscrc.patient-complaints@maryland.gov](mailto:hscrc.patient-complaints@maryland.gov))۔

آپ میری لینڈ طبی معاونت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، ایک ایسا پروگرام جو مشترکہ طور پر ریاستی اور وفاقی حکومتوں کی جانب سے فنڈ کردہ ہے اور جو کم آمدن کے حامل اہل افراد کو صحت پر آنے والے مکمل اخراجات تک کی ادائیگی کرتا ہے۔ چند حالات میں آپ مالی معاونتی پالیسی کے تحت اہل ہونے سے قبل اس کفالت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں یا اسے مسترد کر سکتے ہیں۔ میری لینڈ طبی امداد کے حوالے سے مزید معلومات کے لئے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو بذریعہ فون اس نمبر پر کال کریں 1-800-332-6347 یا بذریعہ انٹر نیٹ اس ویب سائٹ کو وزٹ کریں ([www.dhr.state.md.us](www.dhr.state.md.us))۔

**مریض کے ذمہ داریاں**

ایسے مریض جو ادائیگی کی استطاعت رکھتے ہوں، ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ بروقت ادائیگی کریں۔ شیپرڈ پراٹ اس بات کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے کہ آیا مریض کے کھاتے میں بلوں کی ادائیگی صحیح طریقے سے کی گئی ہے اور داخل مریض سے ڈسچارج سے 30 ایام پہلے یکساں خلاصے کا گوشوارہ وصول کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ مریض کی ذمہ داری ہے کہ بیمہ کی درست معلومات فراہم کرے۔ آپ کے صحت کی کفالت کا حامل نہ ہونے کی صورت میں ہم آپ سے بل کی ہر وقت ادائیگی کی توقع کرتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ شیپرڈ پراٹ مالی معاونتی پالیسی کے تحت اہل ہو سکتے ہیں یا اگر آپ بل کی مکمل ادائیگی کی سکت نہیں رکھتے تو آپ بالا بیان کردہ کے مطابق رابطہ کریں۔

اگر آپ اپنے بل کی مالی ذمہ داریوں پر پورا اترنے میں ناکام رہتے ہیں تو آپ کو ایک وصولی ایجنسی کے لئے سفارش کیا جا سکتا ہے۔ مریض کی ذمہ داری ہے کہ آپ کی مالی حیثیت میں تبدیلی کی صورت میں ان تبدیلیوں سمیت درست اور مکمل معلومات فراہم کرے۔

**بلوں کے انکشافات**

شیپرڈ پیراٹ میں مریضوں، چاہے وہ داخل مریض ہوں یا بیرونی، کی دیکھ بھال کرنے والے معالجین کے لئے عام طور پر علیحدہ بل دئے جاتے ہیں اور یہ اخراجات آپ کے اسپتال کے بل گوشوارے میں شامل نہیں ہوتے۔ از روئے قانون اور شیپرد پیراٹ پالیسیوں کی پیروی میں اسپتال پر آنے والے اخراجات شامل ہو سکتے ہیں، اسپتال کی سہولیات کے استعمال پر بیرونی مریض کی سہولت فیس، کلینکس، خدمات کی فراہمیاں اور آلات اور غیر معالجی خدمات (جیسے کہ غیر معالجی ماہرین طب)، لیکن اس تک محدود نہیں۔

نظر ثانی شدہ 01.1.21

4828-1832-0738v13